ilmkidunya

Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. شراکت کے خاتمے پر اثاثہ جات کی تقسیم کس طرح کی جاتی ہے.

Ans 1: جب شراکتی کاروبار کی آئینی حیثیت ختم ہوجاتی ہے تہ فرم کے تمام اثاثہ جات فروخت کر دیے جاتے ہیں اور حاصل شدہ رقم مندرجہ زیل طریقہ سے حآصل کی جاتی ہے.

Ans 2: 1- پہلے فرم کے قرضوں کی ادائیگی کی جاتی ہے.

Ans 3: 2- جو رقم بچ جائے ہر حصہ دار کو کاروبار میں لگایا ہوا سرمایہ واپس کیا جاتا ہے

Ans 4: 3- اگر ان ادائیگیوں کے بعد بھی کچھ رقم بچ جائے تو وہ تمام حصہ داروں ان کے منافع کے تناسب سے تقسیم کی جاتی ہے.

Q2. نمائشی حصہ دار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: یہ ایسے سرمایہ دار ہے جو نہ تو کاروبار کے لیے سرمایہ کار فراہم کرتے ہیں اور یہ ہی کاروبار کی انتظامی امور میں حصہ لیتے ہیں.اس کے علاوہ ان کا کاروبار ان کا نفع و نقصان میں کوئی ذمہ داری نہیں ہوتی.یہ صرف اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو فائدہ پہنچانے کی غرض سے کاروبار کے حصہ دار بن جاتے ہیں.

Q3. شراکت الوجود سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس شراکت میں کوئی بھی حصہ دار سرمایہ نہیں لاتا اس شراکت میں کاروبار قرض لے کر یا ادھار لے کر کیا جاتا ہے کاروبار کے نفع و نقصان حصہ داروں میں آن کے کاروبار کے لیےحاصل کیے گئےقرض کی بنیاد پر تقسیم کیا جاتا ہے. ایک حصۃ دار دوسرے حصہ دار کا نمائندہ سمجھا جاتا ہے.

Q4. شراکتی معاہدہ کے اہم نکات بیان کریں.

Ans 1: 1- فرم یا ادارے کا نام 2- کاروبار کی نوعیت

Ans 2: 3- کاروبار کا سرمایہ 4- کاروبار کی مدت

Ans 3: 5- شرکاء کے نام 6- نفع و نقصان کی تقسیم کی شرح

Ans 4: 7- شرکائ کے حقوق و فرائض

Ans 5: 8- انتظامی امور کی تقسیم

Q5. محدود شراکت کی تعریف کریں.

Ans 1: محدود شراکت سے مراد ایسی شراکت ہے جس میں تمام حصہ داروں کی ذمہ داری ہوتی ہے.محدود شراکت میں کم از کم ایک غیر محدود ذمہ داری والا ہونا ضروری ہوتا ہے.ہمارے ملک میں محدود شراکت کا وجود نہیں ہے.

Q6. شراکتی کاروبار میں غیر محدود ذمہ داری سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: غیر محدود ذمہ داری سے مراد ایسی ذمہ داری ہے جس کے مطابق اگر نقصان سرمایہ سے بڑھ جائے تو نقصان پورا کرنے کے لیے ذاتی جائیداد کو بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے.

Q7. اختیاری شراکت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: شراکت کا ایسا کاروبار جس میں شرکاء مدت کا تعین کاروبار شروع کرنے سے پہلے نہ کریں اسے اختیاری شراکت کہتے ہیں.ایسی شراکت میں کوئی بھی حصہ دار باقی حصہ داروں کو نوٹس سے کر شراکت ختم کر سکتا ہے.

Q8. سینئر حصہ دار کی تعریف کریں.

Ans 1: سینئر حصہ دار سے مراد ایسا حصہ دار ہے جس کا کاروبار میں زیادہ سرمایہ لگا ہو اور وہ زیادہ تجربہ اور قابلیت رکھتا ہو،اس کا کاروبار کے نفع و نقصان میں تناسب بجی دوسرے حصہ داروں سے زیادہ ہوتا ہے.

Q9. حصہ داروں کے حقوق بیان کریں.

Ans 1: 1- نفع شرکت کا حق

Ans 2: 2- انتظامی امور میں شرکت کا حق

Ans 3: 3- رائے دہی کا حق

Ans 4: 4- ریٹائرمنٹ کا حق

Ans 5: 5- اختیارات کے استعمال کا حق 6- جانچ پڑتال کا حق

Q10. خفیہ حصہ دار سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایسا شخص کاروبار میں سرمایہ بھی لگاتا ہے اور انتظامی امور میں شرکت کرتا ہے لیکن لوگوں کی نظر میں حصہ دار کے طور پر نہیں پہچانا جاتا خفیہ حصہ دار کہلاتا ہے.